# ثانوی و اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ، ساہیوال

No: 241 /DCM

**Most Urgent**

**Personal Attention**

**Top Priority**

Date 28/1/20

بخدمت جناب سربراہانِ ادارہ جات،

گورنمنٹ ہائی/ہائر سیکنڈری سکولز/الحاق شدہ ادارہ جات (بوائز/گرلز)،

ساہیوال ڈویژن، ساہیوال۔


عنوان: **دورانِ امتحان طلباء و طالبات سے ہونے والی اغلاط کی بابت ضروری ہدایات**

**(میٹرک سالانہ امتحان 2020ء)۔**

میٹرک سالانہ امتحانات 2020 مورخہ 22 فروری بروز ہفتہ سے شروع ہو رہے ہیں۔ صبح کا پرچہ 8:30 بجے اور شام کا پرچہ 1:30 بجے بعد دوپہر شروع ہو گا۔ تاہم بروز جمعتہ المبارک شام کا پرچہ 2:30 بجے شروع ہو گا۔ یہ بات مشاہدے میں آئی ہے کہ دورانِ امتحان لاعلمی کی وجہ سے طلباء و طالبات سے مختلف نوعیت کی اغلاط سرزد ہو جاتی ہیں جنکی وجہ سے بعد میں مسائل پیدا ہوتے ہیں۔ ذیل میں اس حوالہ سے ضروری ہدایات دی جا رہی ہیں آپ سے گزارش ہے کے آپ اپنے ادارہ میں محترم اساتذہ کرام کے ذریعے طلباء و طالبات میں ان ہدایات کی بابت آگاہی پیدا کریں تاکہ دورانِ امتحان یہ اغلاط سرزد نہ ہوں اور امیدواران بعد میں پیدا ہونے والے مسائل/مشکلات سے بچ سکیں۔

## 1 جنرل ہدایات:

1. طلباء طالبات کو ہدایت کی جائے کہ وہ امتحان کے انعقاد کے لیے مقررہ وقت سے 30 منٹ پہلے اپنے مقررہ امتحانی سنٹر میں اپنی حاضری یقینی بنائیں۔ امیدوار اپنا شناختی کارڈ/ب۔فارم کی مصدقہ کاپی ضرور لے کر آئیں۔ جاری کردہ گروپ/سنٹر تبدیل کرنا جرم ہے لہذا کسی بھی صورت میں ایسی تبدیلی کی اجازت نہ ہو گی۔
2. بورڈ ہذا میٹرک سالانہ امتحان 2020ء کی رولنمبر سلپس 10 فروری تک آن لائن کر دے گا۔ آپ اپنے سکول کے بچوں کی رولنمبر سلپس ان کے حوالے کریں اور انہیں ہدایت کریں کہ وہ اپنی سلپ کا موازنہ ڈیٹ شیٹ سے کر لیں۔ طلباء و طالبات اپنی رولنمبر سلپس بروقت چیک کر لیں اور ان میں کوئی غلطی ہے تو درست کروالیں نیز اگر امیدوار کی رولنمبر سلپ آن لائن موصول نہیں ہوئی تو آپ فوری طور پر دفتر سے رابطہ کریں تاکہ بروقت ضروری کاروائی عمل میں لائی جاسکے۔ آن لائن رولنمبر سلپس پر مقرر کردہ جگہ پر سربراہ ادارہ جات اپنے دستخط اور ادارہ کی مہر لگانے کے بعد رولنمبر سلپس پر متعلقہ امیدوار کے کوائف (نام، ولدیت، تاریخ، امتحانی گروپ، تصویر، مضامین) اور خصوصی طور پر امتحانی سنٹر اچھی طرح چیک کرنے کے بعد ہی فوری طور پر طلباء، طالبات کے حوالے کریں تاکہ امیدواران اپنے کوائف بروقت چیک کر سکیں نیز کسی بھی قسم کی درستی امتحان شروع ہونے سے پہلے کروالی جائے۔
3. امیدوار اپنی تازہ ترین پاسپورٹ سائز رنگین تصویر پہلے پرچہ کے دن امتحانی سنٹر کے سپرنٹنڈنٹ کو جمع کروائیں جس کی پشت پر امیدوار کا نام ولدیت اور رولنمبر تحریر ہو۔
4. کسی دوسرے امیدوار کی جگہ امتحان دینا/دلوانا (تلبیس شخصی/Impersonation) نہایت سنگین جرم ہے کیونکہ اس گھناؤنے عمل سے امیدوار کا مستقبل تاریک ہو سکتا ہے۔ اس لیے اس کے نتائج کی بابت امیدواران کو مطلع کیا جائے۔ امیدوار حاضری شیٹ پر اپنے رولنمبر اور نام کے سامنے حاضری لگائیں اور پیپر کوڈ پیپر کے مطابق شیٹ پر درست درج کریں۔
5. امیدوار کو الاٹ کیے گئے گروپ (سیشن) کے علاوہ کسی بھی دوسرے گروپ (سیشن) میں امتحان دینے کی اجازت نہ ہو گی۔ امیدوار Mini Computer/Storage اور ایسے کیلکولیٹرز استعمال کرنے سے گریز کریں جن کا استعمال امتحانی سنٹر میں ممنوع ہے۔
6. جوابی کاپی کے صفحات کی تعداد 24 کر دی گئی ہے۔ اسی پر اپنا پورا پرچہ مکمل کرنا ہو گا کوئی اضافی شیٹ فراہم نہیں کی جائے گی۔ لہذا ورق کے دونوں اطراف لکھیئے۔ کوئی صفحہ/لائن خالی نہ چھوڑیئے۔ امیدوار اپنی جوابی کاپی کے اوراق چیک کر لیں اگر کاپی یا اس کا کوئی حصہ پھٹا ہوا ہو تو رولنمبر لکھنے سے قبل فوراً عملہ سے تبدیل کروالیں۔ مقررہ صفحات سے کم صفحات والی کاپی استعمال نہ کی جائے۔ کاپی کے صفحات کم یا زائد ہونے کی صورت میں نگران عملہ سے تبدیل کروالیں۔
7. امیدوار اپنے سوالیہ پرچہ رولنمبر کے علاوہ کوئی بھی لفظ نہیں لکھ سکتا نیز امتحانی کاپی پر مختص جگہ کے علاوہ رولنمبر/شناخت کا اندراج یا کوئی نشان/فون نمبر، اپنا نام، ادارے کا نام، شہر یا قصبہ کا نام نہ لکھیں، کاپی کا کوئی ورق یا اس کا کوئی حصہ پھاڑا نہ جائے ورنہ UMC بنا دیا جائے گا۔ صرف نیلے یا کالے قلم/مارکر کا استعمال کریں۔ انک ریمور کے استعمال کی قطعاً اجازت نہ ہے۔ ورنہ UMC بنا دیا جائے گا۔ کمرہ امتحان چھوڑنے سے پہلے اپنی جوابی کاپی ناظم مرکز کے حوالے کر دیں۔ خواہ اس پر کسی سوال کا جواب بھی نہ لکھا گیا ہو۔
8. امیدوار جوابی کاپی پر سوال کے تمام اجزاء ایک جگہ اور ترتیب سے حل کریں۔ کیونکہ جوابی کاپی پر سوالات حل کرتے وقت سوالیہ پرچہ کے مطابق سوالوں کے نمبر نہیں دیئے جاتے بلکہ امیدوار اپنی ترتیب سے نمبر لگاتے ہیں۔



9. امیدوار اندر کے تمام صفحات پر ڈبل حاشیہ کے نیچے سے لکھنا شروع کریں۔

## 2 رولنمبر اور Paper Code کے "Bubbles" پُر (Fill) کرنے کا طریقہ کار:




1. آپ کی سہولت کے لیے آپ کا رولنمبر (Bubble) ببل کی شکل میں سلپ پر پرنٹ کر دیا گیا ہے۔ اپنا رولنمبر جوابی کاپی پر سامنے دیئے گئے طریقہ سے پُر کریں۔ آپ کو ان چھ خانوں میں اپنا چھ ہندسی رولنمبر اس طرح پُر کرنا ہے کہ ہر خانے میں آپ کے رولنمبر کا ایک ہندسہ آئے۔ چھ خانوں کے نیچے، چھ کالم میں دائرے بنے ہوئے ہیں جن میں 0 سے 9 تک ہندسے درج ہیں۔ اب آپ نے جس خانہ میں اپنے رولنمبر کا جو ہندسہ لکھا ہے، اس خانہ کے نیچے دیے گئے دائروں کے کالم میں اسی ہندسہ کے دائرے کو اپنے قلم یا مارکر سے اس طرح پُر کرنا ہے کہ سیاہی دائرے سے باہر نہ نکلے۔ ایک کالم میں صرف ایک دائرے کو پُر کریں جو کہ رولنمبر کے مطابق ہو۔ اور یوں کُل چھ دائرے پُر کریں۔ امیدوار کو چاہیے کہ رول پارٹ پر اپنا رولنمبر ہندسوں میں بھی لکھے اور رول پارٹ پر اپنا رولنمبر Bubbles میں درست پُر کرے۔ یاد رکھیئے کہ رولنمبر لکھنے میں کسی قسم کی غلطی کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر عائد ہو گی اور اُس کا نہ صرف رزلٹ متاثر ہو گا بلکہ جرمانہ بھی ادا کرنا ہو گا۔




2 امیدوار دائروں کے اوپر دی گئی مخصوص جگہ پر پیپر کوڈ لکھے اور سامنے دیئے گئے طریقہ سے دائروں کو اس طرح پُر (Fill) کرے کہ ہر خانے میں ایک ہندسہ آئے۔ یاد رکھیے کہ پیپر کوڈ غلط لکھنے یا غلط پُر کرنے کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر عائد ہوگی اور اس کا نہ صرف رزلٹ متاثر ہوگا بلکہ جرمانہ بھی ادا کرنا ہوگا۔




3 ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے / کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب / رولنمبر / پیپر کوڈ غلط تصور ہوگا۔ جسکی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔



4 اکثر امیدوار دائرہ پُر ہی نہیں کرتے خالی چھوڑ دیتے ہیں جسکی وجہ سے سوفٹ ویئر اس شیٹ کو ریڈ نہیں کرتا۔



5 امیدوار دائرہ کو زیادہ پُر کر دیتے ہیں جس سے سیاہی دوسرے دائرہ میں چلی جاتی ہے۔ اس صورت میں جواب غلط تصور ہوگا۔



6 امیدوار دائرہ کو پوری طرح پُر نہیں کرتے صرف ٹک کا نشان لگا دیتے ہیں۔ اس صورت میں بھی جواب غلط تصور ہوگا۔



7 امیدوار دائرہ آدھا پُر کرتے ہیں یا نقطے کا نشان لگا دیتے ہیں۔ اس صورت میں بھی جواب غلط تصور ہوگا۔

## 3 جوابی کاپی کے خالی کالم کی تکمیل:

**جوابی کاپی کے درج ذیل خالی کالم / اندراجات اس طرح پُر (Fill) کیے جائیں۔**

| دن | | مہینہ | | سال | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| D | D | M | M | Y | Y | Y | Y |
| 2 | 4 | 0 | 2 | 2 | 0 | 2 | 0 |

← امیدواران سامنے دیئے گئے (Format) کے مطابق تاریخ لکھیں۔


| خانہ | ہدایت |
|---|---|
| Date | امیدوار امتحانی پرچہ کی تاریخ لکھیں۔ |
| Matric Ⓜ / Inter Ⓘ | میٹرک والا ببل پُر (Fill) کریں۔ |
| Part 1 ① / Part 2 ② | امیدوار اگر نہم کا امتحان دے رہا ہے تو (Part 1) اور اگر دہم کا امتحان دے رہا ہے تو (Part 2) ببل پُر (Fill) کرے گا۔ |
| Annual Ⓐ / Supply Ⓢ | امیدوار Annual ببل پُر کرے۔ |
| Morning Ⓐ / Evening Ⓢ | اگر پہلا گروپ ہے تو امیدوار (Morning) اور اگر دوسرا گروپ ہے تو (Evening) ببل پُر (Fill) کرے۔ |
| Subject | جس مضمون کا پیپر ہے امیدوار اس مضمون کا نام لکھے۔ |

| خانہ | ہدایت |
|---|---|
| Name: | امیدوار اپنا نام لکھے۔ |
| Father's Name: | امیدوار اپنے والد کا نام لکھے۔ |
| Roll Number (in words) | امیدوار اپنا رولنمبر لفظوں میں لکھے۔ |
| Signature of Candidate: | امیدوار اپنے دستخط کرے۔ |

**نوٹ:** **یاد رکھیے! امتحان میں ناجائز ذرائع استعمال کرنا، دوسروں کا حق مارنا ہے۔ ناجائز ذرائع استعمال کرنے والے امیدواران نا صرف امتحان سے نااہل قرار پاتے ہیں بلکہ ان کے خلاف ایف آئی آر درج کروا کر حوالہ پولیس کر دیا جاتا ہے۔ دوران امتحان سنٹر میں موبائل اپنے پاس رکھنا جرم ہے۔ ناجائز ذرائع سے بچیں اور اپنی محنت پر بھروسہ کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ کی ذات پر توکل کریں۔ رولنمبر سلپ اور جوابی کاپی پر درج ہدایات کی مکمل پاسداری کی جائے۔**

آپ سے بطور سربراہِ ادارہ قوی امید ہے کہ آپ اپنے ادارہ کے طلباء و طالبات کو درج بالا ضروری ہدایات پر مکمل طور پر آگاہی دیں گے۔ جس سے طلباء و طالبات / والدین امتحان میں آنے والے مسائل / مشکلات سے بچ سکیں گے۔

آپ کا عملی تعاون قابلِ تحسین ہوگا۔



**DR. HAFIZ FIDA HUSSAIN**
(Controller of Examinations)

**کاپی برائے اطلاع و ضروری کاروائی:۔**

1۔ پی۔ ایس برائے چیئرمین۔
2۔ پی۔ اے برائے کنٹرولر امتحانات / سیکرٹری / آڈٹ آفیسر۔
3۔ جملہ آفیسرز بورڈ ہذا / سپرنٹنڈنٹس / سیکشن انچارج۔
4۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر (ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی) ضلع ساہیوال، اوکاڑہ و پاکپتن۔
5۔ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (سیکنڈری) ضلع ساہیوال، اوکاڑہ و پاکپتن۔
6۔ RCO بورڈ ہذا (برائے تشہیر الیکٹرانک و پرنٹ میڈیا)۔
(اس استدعا کے ساتھ کہ جملہ سربراہانِ ادارہ جات کو مطلع کرتے ہوئے لیٹر ہذا پر عملدرآمد کو یقینی بنانے کا اہتمام کریں)۔
9۔ سسٹم اینالسٹ برائے اپ لوڈ بورڈ ویب سائٹ نیز جملہ مذکورہ بالا ادارہ جات کو E-mail بھی کر دیں۔